اپنے بچے کی سماعت کی اسکریننگ کے بارے میں مجھے کیا جاننا چاہیے؟

سماعت کی اسکریننگ محفوظ ہے اور اس سے آپ کے بچے کو کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔ سماعت کی اسکریننگ کے دوران زیادہ تر بچے سوئے رہتے ہیں۔

سماعت کی اسکریننگ پر تقریباً 10 منٹ لگتے ہیں۔

سماعت کی اسکریننگ یہ جاننے کی ایک فوری جانچ ہے کہ آیا آپ کا بچہ نرم آوازیں سن سکتا ہے۔ زبان سیکھنے کے لیے ان کا سننا ضروری ہے۔

آپ کو اپنے بچے کے نتائج ہسپتال چھوڑنے سے پہلے دے دیئے جائیں گے۔

یہ سفارش کی جاتی ہے کہ تمام خاندان ان 1-3-6 ہدایات پر عمل کریں:

1 **تمام شیر خوار بچوں کی سماعت کی اسکریننگ 1 ماہ کی عمر سے پہلے ہو جانی چاہیے۔**

3 **ایسے تمام بچوں کو جو نوزائیدہ کی سماعت کی ابتدائی اسکریننگ میں کامیاب نہ ہوئے ہوں، ان کا ایک تشخیصی جائزہ 3 ماہ کی عمر سے پہلے ایک ماہر سماعت کے ذریعے لیا جانا چاہیے۔**

6 **جن بچوں میں سماعت کے نقص کی تشخیص ہو جائے، انہیں جتنی جلدی ہو سکے ابتدائی معاونت کی خدمات ملنی چاہئیں، لیکن یہ 6 ماہ کی عمر سے پہلے ہو جانا چاہیے۔**

یہ رہنما ہدایات امریکن اکیڈمی آف پیڈیاٹرکس (American Academy of Pediatrics) کی جوائنٹ کمیٹی آن انفینٹ ہیئرنگ (Joint Committee on Infant Hearing) کی سفارشات پر مبنی ہیں، جو شیر خوار بچوں کے لیے ارلی ہیئرنگ ڈیٹیکشن اینڈ انٹروینشن (Early Hearing Detection & Intervention, EHDI) پروگرام کی رہنمائی کرتی ہیں۔

اگر اپنے بچے کی سماعت کی اسکریننگ کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں، تو براہ کرم اپنے صحت کے نگہداشت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے: **health.ny.gov/EHDI**

NEW YORK STATE | Department of Health

21565 (Urdu) 11/24